www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



الواب المصرف کے مؤلف عارف باللہ حضرت حافظ محمد بن بارک اللہ لکھوی (ف ۱۳۱۱ھ) ہیں۔ موصوف کو اپنے دور کے عظیم محدثین سے سند حاصل تھی۔ ان میں سے حضرت شاہ عبدالغنی مہاجر مدنی حضرت مولانا احمد علی سہارنپوری محشی بخاری اور مولانا میر محبوب علی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

(۷)

| | |
|---|---|
| احوال الآخرت (پنجابی) | حافظ محمد بن بارک اللہ لکھوی رحمۃ اللہ علیہ |
| صفحات | ۱۴۸ |
| قیمت | ۶ روپے |
| پتہ | اسلامی اکادمی، ناشران کتب۔ ۴۰ اردو بازار لاہور |

کتاب کے شروع میں مؤلف اور ان کے خاندان کے حالات کے لیے معلومات افزا اور روح پرور مقدمہ ہے، جسے آپ کے ہی خاندان کے معروف فرد مولانا معین الدین لکھوی نے مرتب کیا ہے۔

دنیائے ہست و بود کی پوری نیستی اور فنا" کا نام آخرت ہے، دل کو ہلا دینے کے لیے آخرت کا اتنا ہی تصور کافی ہے جب اس کی ہوش رُبا تفصیلات بھی اس کے ساتھ بیان کر دی جائیں تو تصور فرمائیں کہ طبیعت پر اس کا کیا اثر پڑے گا؟ زبان پنجابی ہے مگر اس میں اس قدر سوز و گداز اور تڑپ ہے کہ شراب دنیا کے بدمستوں کو ہوش میں لانے کے لیے اکسیر سے کم نہیں ہیں، میں سمجھتا ہوں کہ غافل اور سیاہ دلوں کا زنگ دھونے کے لیے اس کا مطالعہ دیکھنے کی چیز ہے، جو لوگ اپنے دلوں کی ویرانی اور قساوت سے تنگ آگئے ہیں ان کو اس کا ضرور تجربہ کرنا چاہیے بلکہ اسے ہر گھر میں پڑھا جانا چاہیے! سکرات سے لے کر میدانِ حشر تک کی تفصیلات کا ایک اچھوتا مجموعہ ہے، پڑھنے والا یوں محسوس کرتا ہے جیسے وہ میدانِ حشر میں کھڑا ہے ـــــ اللھم استر عوراتنا و امن روعاتنا نجنا من خزی الدنیا و عذاب الاخرۃ۔

ہر گھر میں مقبول کتابیں

صلوٰۃ الرسول ۱۰/۵۰ شرح خطبہ رحمۃ للعالمین ۱۰/۵۰ ریاض الاخلاق مجلد -/۱۲
رحمتِ عالم کی دعائیں ۴/۵۰ عالم عقبیٰ ۱۰/۵۰ حزبِ رسول ۸/۲۵ نماز جنازہ ۱/۷۵
مسلمان کا سفرِ آخرت -/۹

نعمانی کتب خانہ ۔ حق سٹریٹ ۔ اردو بازار لاہور



© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ